


# ایک نام نہاد ''فائروال'' کے ذریعے آزادئ اظہار اور معلومات تک رسائی کے بنیادی حقوق کو مکمل طور پر غصب کرنے کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف کیجانب سے خصوصاً سوشل میڈیا پر غیر آئینی اور غیر قانونی پابندیوں کی ہر ممکن قانونی طریقے سے بھرپور مزاحمت کا اعلان
- پاکستان فی الوقت دستور اور جمہوریت کے احمق ترین غدّاروں کے قبضے میں ہے
- آئین اور جمہوریت کے دشمن پاکستان کو بنیادی جمہوری آزادیوں سے محروم کرکے ایک مطلق العنّان آمر کی چراگاہ میں بدلنے کیلئے ہر حد سے گزر رہے ہیں
- ملک کو سیاسی استحکام اور قانون کی حکمرانی اور معاشی ترقی درکار ہے، یہ احمق اربوں روپے عوام اور میڈیا کی زباں بندی جیسے مکروہ عمل میں جھونک رہے ہیں
- کسی فائروال کے ذریعے دستور و قانون کے ازلی دشمنوں اور مینڈیٹ چوروں کے بارے میں عوامی رائے نہیں بدلی جاسکتی
- ریاستی منصوبہ ساز واقعتاً عوام کی نگاہوں میں اپنے تشخص میں بہتری چاہتے ہیں تو فائروالز کے پیچھے چھپنے کی بجائے آئین بحال اور عوامی مینڈیٹ واپس کریں
- تحریک انصاف اس غیر آئینی، غیر قانونی اور آمرانہ اقدام کی شدید مذمت کرتی اور ہر سطح پر اس کی مزاحمت کا اعلان کرتی ہے

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ